ریزروبینک آف انڈیا
ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ:www.rbi.org.in
ای۔میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ ممبئی-400001
فون:0502 2266 22 91 فیکس:22660358 22 91

31/اگست2020

آر بی آئی نے بازار کے حالات کو بہتر بنانے کی تدابیر کا اعلان کیا

جب خصوصی کھلے بازار آپریشن کا25 اگست2020 کا اعلان کیا گیا تو ریزروبینک نے کہا کہ اس کو لکویڈیٹی بڑھانے اور بازار کی صورتحال کو بہتر کرنے کیلئے مناسب اقدامات کی مسلسل نگرانی کی جائے گی تاکہ مالیاتی بازار بہتر طور پر کام کرسکیں۔

2. حالیہ بازار کے حالات پر افراط زر کا واضح اثر دیکھا جارہا ہے اور مالی حالات عالمی ڈیولپمنٹ کے دوران پُرعزم ہیں کہ ممالک غیر میں اچھے نتائج برآمد ہوں۔

3. افراط زر کے ~~آوٹ لک جائزہ میں مونیٹری پالیسی کمیٹی~~ (ایم پی سی) کی 6اگست 2020 کی قرارداد میں افراط زر پر دباؤ ڈالنے کے وسائل کی شناخت کی گئی اور یہ امید ہے کہ ہیڈ لائن افراط زر کا جائزہ کیو2 2020-21 میں لیا جائے۔ یہ ایچ2 2020-21 میں بہتر ہوگی۔ ایم پی سی کے مطابق یہ طے ہوا کہ معیشت کی معاونت میں منصفانہ دوری رکھتے ہوئے نگرانی میں رکھی جائے گی۔ یہ بھی اشارات موصول ہورہے ہیں کہ غذا اور ایندھن کی قیمتیں مستحکم ہیں اور قیمت میں اضافے والے عوامل بہتر ہوں گے۔ اس کے علاوہ حالیہ روپئے میں بہتری کی وجہ سے درآمداتی افراط زر پر دباؤ کم ہوگا۔ آر بی آئی مذکورہ بہتری پر عقابی نگاہ رکھے گا۔ مونیٹری پالیسی مدافعت والی پالیسی کی معاونت میں آر بی آئی پُرعزم ہے کہ وہ اطمینان بخش لکویڈیٹی اور معیشت کی مالی صورتحال کو بہتر بنائے۔

4. باوجود بازاری بوروونگ پروگرام برا21-2020 کو فروغ دینے کیلئے آر بی آئی نے سال کے ابتدائی چھ ماہ یا بوروونگ کلینڈر کو ہموار کرنے کا بندوبست کیا۔ مرکز اور ریاستوں میں ایچ2021-2020 1 کے بارو ونگ شیڈیولڈ کو90 فیصد سے زائد پایۂ تکمیل کو پہنچادیا گیا ہے21-2020 بغیر کسی نقصان کے مکمل ہوگا۔

5. بازار کی صورتحال اور موافق مالی حالات کو مسلسل جاری رکھنے اور یقینی بنانے کیلئے درج ذیل طریقہ کار کا اعلان کیا گیا ہے:

i) ریزروبینک خصوصی کھلے بازار کو چلائے گا جس کے ذریعہ بغیر کسی رکاوٹ کے سرکاری سیکورٹیوں کی خریداری اور فروخت کے معاملہ میں مجموعی رقم روپئے20,000 کروڑ دو مرحلوں میں یعنی ہر مرحلہ میں روپئے10,000 کروڑ صرف کی جائے گی۔ نیلامی کا عمل 10 ستمبر، 2020 اور17 ستمبر2020 میں ہوا۔ آر بی آئی نے وعدہ کیا ہے کہ بازار کی صورتحال کے پیش نظر اس طرح کے مزید آپریشن چلائے جائیں گے۔

ii) ریزروبینک مجموعی رقم روپئے100,000 کروڑ سے بطور فلوٹنگ ریٹ (مثلاً ترجیحی ریپوریٹ) ریپو آپریشن وسط ستمبر میں بازار پر دباؤ کم کرنے کیلئے ایڈوانس ٹیکس کے بہاؤ کیلئے چلائے گا۔ فنڈس میں کمی لانے کے مقصد سے بینکوں کو طویل مدتی ریپو آپریشن (ایل ٹی آر او) سے مستفید کرانے کیلئے ان ٹرانزیکشن کو میچورٹی سے قبل ریورس متبادل کا موقع دیا جائے گا۔ اس طرح بینک اپنی سود کی ذمہ داری کو فنڈس واپسی کے وقت اس وقت کے ریپوریٹ%5.15 فیصد پر نہ کرکے موجودہ ریپوریٹ% 4 فیصد پر کرسکتے ہیں۔ اس کی تفصیل الگ سے شائع کی جائے گی۔

iii) موجودہ وقت میں بینکوں سے امید کی جارہی ہے کہ وہ اپنی 18 فیصد مجموعی مانگ برقرار رکھیں اور وقت کی ذمہ داری (این ڈی ٹی ایل میں ایس ایل آر) سیکورٹیاں محفوظ رکھیں۔ سرمایہ کاری کی مجوزہ حد جو کہ ایچ ٹی ایم زمرہ میں مجموعی سرمایہ کاری کی 25 فیصد رکھی گئی ہے۔ بینکوں کو اجازت ہے کہ ایس ایل آر سیکورٹیز میں سرمایہ کاری کی جو مجموعی این ڈی ٹی ایل کی 19.5 فیصد ہے کے اندر رکھ سکتے ہیں۔ ایچ ٹی ایم زمرہ میں ایس ایل آر سیکورٹیز رکھنے والے اہم بینک موجودہ وقت میں تقریباً 17.3 فیصد رکھتے ہیں اگرچہ بین بینک تغیر کے سبب کچھ بینکوں نے اپنی این ڈی ٹی ایل حد کو 19.5 فیصد پر ہی رکھا ہے۔ اس کے مطابق یہ فیصلہ کیا گیا ایس ایل آر سیکورٹیز کی تازہ حد بتائی جائے جو 1 ستمبر 2020 میں ایچ ٹی ایم کے تحت 31 مارچ 2021 میں این ڈی ٹی ایل میں 22 فیصد تھی جس جائزہ لیا جائے گا۔ تفصیل کی اشاعت الگ سے کی جائے گی۔

iv) آر بی آئی اس بات کیلئے تیار ہے کہ مختلف انسٹرومنٹ کے تحت اگر مارکیٹ آپریشن کی ضرورت ہوگی تو بازار کو چلانے کیلئے ایسا کیا جائے گا۔

6. آر بی آئی پابند عہد ہے کہ موافق مالی حالات کووڈ-19 کے اثرات کو کم کرنے اور معیشت کو ترقی کی راہ پر گامزن رکھنے اور میکرو اکنامک کو محفوظ اور مالیاتی استحکام کیلئے معیشت کا جائزہ لیا جائے۔

پریس ریلیز 2020-2021/263

(یوگیش دیال)
چیف جنرل منیجر